# دعائے عہد

امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ جو شخص چالیس روز تک ہر صبح اس دعائے عہد کو پڑھے تو وہ امام (عج) کے مددگاروں میں سے ہوگا اور اگر وہ امامؑ کے ظہور سے پہلے فوت ہو جائے تو خداوند کریم اسے قبر سے اٹھائیگا تا کہ وہ امام کے ہمراہ ہو جائے اللہ تعالیٰ اس دعا کے ہر لفظ کے عوض اسے ایک ہزار نیکیاں عطا کرے گا اور اسکے ایک ہزار گناہ محو کردے گا وہ دعائے عہد یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النُّورِ الْعَظِيمِ وَرَبَّ الْكُرْسِيِّ الرَّفِيعِ وَرَبَّ الْبَحْرِ الْمَسْجُورِ وَمُنْزِلَ التَّوْراةِ وَالْاِنْجِيلِ

اے معبود اے عظیم نور کے پرودگار اے بلند کرسی کے پرودگار اے موجیں مارتے سمندر کے پرودگار اور اے توریت اور انجیل اور زبور

وَالزَّبُورِ وَرَبَّ الظِّلِّ وَالْحَرُورِ وَمُنْزِلَ الْقُرْآنِ الْعَظِيمِ وَرَبَّ الْمَلائِكَةِ الْمُقَرَّبِينَ وَالْاَنْبِياءِ وَ

کے نازل کرنے والے اور اے سایہ اور دھوپ کے پرودگار اے قرآن عظیم کے نازل کرنے والے اے مقرب فرشتوں اور فرستادہ نبیوں اور رسولوں کے

الْمُرْسَلِينَ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الْكَرِيمِ وَبِنُورِ وَجْهِكَ الْمُنِيرِ وَمُلْكِكَ الْقَدِيمِ يَا حَيُّ

پروردگار اے معبود بے شک میں سوال کرتا ہوں تیری ذات کریم کے واسطے سے تیری روشن ذات کے نور کے واسطے سے اور تیری قدیم بادشاہی کے واسطے سے اے

يَا قَيُّومُ أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي أَشْرَقَتْ بِهِ السَّمٰوَاتُ وَالْاَرَضُونَ وَبِاسْمِكَ الَّذِي يَصْلَحُ

زندہ اے پائندہ تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے جس سے چمک رہے ہیں سارے آسمان اور ساری زمینیں تیرے نام کے واسطے سے جس

بِهِ الْاَوَّلُونَ وَالْاَخِرُونَ يَا حَيّاً قَبْلَ كُلِّ حَيٍّ وَيَا حَيّاً بَعْدَ كُلِّ حَيٍّ وَيَا حَيّاً حِينَ لاَ حَيَّ يَا مُحْيِيَ

سے اولین و آخرین نے بھلائی پائی اے زندہ ہر زندہ سے پہلے اور اے زندہ ہر زندہ کے بعد اور اے زندہ جب کوئی زندہ نہ تھا اے مردوں کو زندہ کرنے

الْمَوْتىٰ وَمُمِيتَ الْاَحْياءِ يَا حَيُّ لاَ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ مَوْلانَا الْإِمامَ الْهادِيَ الْمَهْدِيَّ الْقائِمَ

والے اے زندوں کو موت دینے والے اے وہ زندہ کہ تیرے سواء کوئی معبود نہیں اے معبود ہمارے مولا امام ہادی مہدی کو جو تیرے حکم سے

بِأَمْرِكَ صَلَواتُ اللهِ عَلَيْهِ وَعَلَى آبائِهِ الطَّاهِرِينَ عَنْ جَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِناتِ فِي مَشارِقِ

قائم ہیں ان پر اور ان کے پاک بزرگان پر خدا کی رحمتیں ہوں اور تمام مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کی طرف سے جو زمین کے مشرقوں اور مغربوں میں ہیں

الْاَرْضِ وَمَغارِبِها سَهْلِها وَجَبَلِها وَبَرِّها وَبَحْرِها وَعَنِّي وَعَنْ وَالِدَيَّ مِنَ الصَّلَواتِ زِنَةَ عَرْشِ

میدانوں اور پہاڑوں اور خشکیوں اور سمندروں میں میری طرف سے میرے والدین کیطرف سے بہت درود پہنچا دے جو ہم وزن ہو عرش اور اسکے کلمات کی

اللهِ وَمِدادَ كَلِماتِهِ وَمَا أَحْصاهُ عِلْمُهُ وَأَحاطَ بِهِ كِتابُهُ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُجَدِّدُ لَهُ فِي صَبِيحَةِ يَوْمِي هٰذَا

روشنائی کے اور جو چیزیں اس کے علم میں ہیں اور اس کی کتاب میں درج ہیں اے معبود میں تازہ کرتا ہوں ان کے لیے آج کے دن کی صبح کو اور جب تک زندہ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

وَمَا عِشْتُ مِنْ أَيَّامِى عَهْداً وَعَقْداً وَبَيْعَةً لَهُ فِى عُنُقِى لاَ أَحُولُ عَنه وَلاَ أَزُولُ أَبَداً اَللّٰهُمَّ

ہوں باقی ہے یہ پیمان یہ بندھن اور ان کی بیعت جو میری گردن پر ہے نہ اس سے مکروں گا نہ کبھی ترک کروں گا اے معبود

اجْعَلْنِى مِنْ أَنْصارِهِ وَأَعْوانِهِ وَالذَّابِّينَ عَنْهُ والْمُسارِعِينَ إِلَيْهِ فِى قَضاءِ حَوَائِجِهِ وَالْمُمْتَثِلِينَ

مجھے ان کے مدد گاروں ان کے ساتھیوں اور ان کا دفاع کرنے والوں قرار دے میں حاجت برآری کیلئے ان کی طرف بڑھنے والوں

لاَوامِرِهِ وَالْمُحامِينَ عَنْهُ وَالسَّابِقِينَ إِلى إِرادَتِهِ وَالْمُسْتَشْهَدِينَ بَيْنَ يَدَيْهِ. اَللّٰهُمَّ إِنْ حالَ بَيْنِى

انکے احکام پر عمل کرنے والوں انکی طرف سے دعوت دینے والوں انکے ارادوں کو جلد پورے کرنے والوں اور انکے سامنے شہید ہونے والوں میں قرار دے

وَبَيْنَهُ الْمَوْتُ الَّذِى جَعَلْتَهُ عَلَى عِبادِکَ حَتْماً مَقْضِيّاً فَأَخْرِجْنِى مِنْ قَبْرِى مُؤْتَزِراً كَفَنِى شاهِراً

اے معبود اگر میرے اور میرے اماÕ کے درمیان موت حائل ہو جائے جو تو نے اپنے بندوں کے لیے ‖مادہ کر رکھی ہے تو پھر مجھے قبر سے اس

سَيْفِى مُجَرِّداً قَناتِى مُلَبِّياً دَعْوَةَ الدَّاعِى فِى الْحاضِرِ وَالْبادِى اَللّٰهُمَّ أَرِنِى الطَّلْعَةَ الرَّشِيدَةَ وَ

طرح نکالنا کہ کفن میرا لباس ہو میری تلوار بے نیام ہو میرا نیزہ بلند ہو داعی حق کی دعوت پر لبیک کہوں شہر اور گاؤں میں اے معبود مجھے حضرت کا رخ زیبا

الْغُرَّةَ الْحَمِيدَةَ وَاكْحُلْ ناظِرِى بِنَظْرَةٍ مِنِّى إِلَيْهِ وَعَجِّلْ فَرَجَهُ وَسَهِّلْ مَخْرَجَهُ وَأَوْسِعْ مَنْهَجَهُ وَ

‖پ کی درخشاں پیشانی دکھا ان کے دیدار کو میری ‖نکھوں کا سرمہ بنا ان کی کشائش میں جلدی فرما ان کے ظہور کو ‖سان بنا ان کا راستہ وسیع کر دے اور

اسْلُکْ بِى مَحَجَّتَهُ وَأَنْفِذْ أَمْرَهُ وَاشْدُدْ أَزْرَهُ. وَاعْمُرِ اَللّٰهُمَّ بِهِ بِلادَکَ وَأَحْيِ بِهِ عِبادَکَ فَإِنَّکَ

مجھ کو ان کی راہ پر چلا ان کا حکم جاری فرما ان کی قوت کو بڑھا اور اے معبود ان کے ذریعے اپنے شہر ‖باد کر اور

قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِى النَّاسِ فَأَظْهِرِ اَللّٰهُمَّ لَنا

اپنے بندوں کو عزت کی زندگی دے کیونکہ تو نے فرمایا اور تیرا قول حق ہے کہ ظاہر ہوا فساد خشکی اور سمندر میں یہ نتیجہ ہے

وَلِيَّکَ وَابْنَ بِنْتِ نَبِيِّکَ الْمُسَمَّىٰ بِاسْمِ رَسُولِکَ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَآلِهِ حَتَّى لاَ يَظْفَرَ بِشَىْءٍ

لوگوں کے غلط اعمال و افعال کا پس اے معبود! ظہور کر ہمارے لیے اپنے ولیؑ اور اپنے نبیؐ کی دختر (س) کے فرزند کا جن کا نام تیرے رسول ﷺ کے نام

مِنَ الْباطِلِ إِلاَّ مَزَّقَهُ وَيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُحَقِّقَهُ. وَاجْعَلْهُ اَللّٰهُمَّ مَفْزَعاً لِمَظْلُومِ عِبادِکَ وَناصِراً لِمَنْ

پر ہے یہاں تک کہ وہ باطل کا نام و نشان مٹا ڈالیں حق کو حق کہیں اور اسے قائم کریں اے معبود قرار دے انکو اپنے مظلوم بندوں کیلئے

لاَ يَجِدُ لَهُ ناصِراً غَيْرَکَ وَمُجَدِّداً لِمَا عُطِّلَ مِنْ أَحْكامِ كِتابِکَ وَمُشَيِّداً لِمَا وَرَدَ مِنْ أَعْلامِ

جائے پناہ اور ان کے مددگار جن کا تیرے سوا کوئی مددگار نہیں بنا ان کو اپنی کتاب کے ان احکام کے زندہ کرنے والے جو بھلا دیئے گئے ان کو اپنے دین کے

دِينِکَ وَسُنَنِ نَبِيِّکَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَاجْعَلْهُ اَللّٰهُمَّ مِمَّنْ حَصَّنْتَهُ مِنْ بَأْسِ الْمُعْتَدِينَ. اَللّٰهُمَّ

خاص احکام اور اپنے نبیؐ کے طریقوں کو راسخ کرنے والے بنا ان پر اور انکی ‖آ پر خدا کی رحمت ہو اور اے معبود انہیں ان لوگوں میں رکھ جنکو تو نے ظالموں کے حملے

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

**وَسُرَّ نَبِیَّکَ مُحَمَّداً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ و آلِهِ بِرُؤْیَتِهِ وَمَنْ تَبِعَهُ عَلَی دَعْوَتِهِ وَارْحَمِ اسْتِکانَتَنا بَعْدَهُ.**

سے بچایا اے معبود خوشنود کر اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے دیدار سے اور جنہوں نے ان کی دعوت میں انکا ساتھ دیا اور ان کے بعد ہماری حالت زار پر رحم

**اللّٰهُمَّ اکْشِفْ هٰذِهِ الْغُمَّةَ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بِحُضُورِهِ وَعَجِّلْ لَنا ظُهُورَهُ إِنَّهُمْ یَرَوْنَهُ بَعِیداً وَنَرَاهُ**

فرما اے معبود ان کے ظہور سے امت کی اس مشکل اور مصیبت کو دور کر دے اور ہمارے لیے جلد انکا ظہور فرما کہ لوگ انکو دور اور ہم انہیں نزدیک سمجھتے ہیں

**قَرِیباً بِرَحْمَتِکَ یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ.** پھر تین بار دائیں ران پر ہاتھ مارے اور ہر بار کہے: **الْعَجَلَ الْعَجَلَ**

تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے — جلد آیئے جلد آیئے

**یَامَوْلایَ یَا صاحِبَ الزَّمانِ.**

اے میرے آقا اے زمانہ حاضر کے امامؑ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com